# نوٹس (E-Auction)

تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن بکاخیل حسب ہدایات صوبائی حکومت بذریعہ مراسلہ نمبرAOII/LCB/2026 مورخہ 07-05-2026 مورخہ 01,02,03جون 2026 کو مندرجہ ذیل ٹھیکہ جات برائے سال 27-2026 کو بروز سوموار، منگل اور بدھ صبح 9:00 بجے تا سہ پہر 04:00 بجے بذریعہ E-Auction نیلام کرنا چاہتی ہے خواہشمند حضرات / ٹھیکیداران جنہوں نے لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخوا پشاور سے متعلقہ کلاس میں رجسٹریشن یا اسکی تجدید برائے (01) سال یعنی مالی سال 27-2026 کروائی ہو اور کسی بھی لوکل کونسل کا بقایادار نہ ہو تو وہ بذریعہ online (E-Auction سسٹم کے تحت لوکل کونسل بورڈ (خیبر پختونخوا) کی ویب سائٹ E-Baldia/e-auction system کھلی بولی میں درج ذیل شرائط کے تحت حصہ لے سکتے ہیں۔

| نمبر شمار | نام ٹھیکہ | زر بیعانہ | تاریخ نیلام |
|---|---|---|---|
| 1۔ | میلہ مویشی منڈی بکاخیل | 100000 | 08.06.2026 تا 10.06.2026 بروز سوموار صبح 09:00 تا بدھ 04:00 بجے شام |
| 2۔ | سائن بورڈ فیس | 50000 | ایضاً |

شرائط نیلام:

01۔ یہ کہ ٹھیکہ جات کی نیلامی بذریعہ (E-Auction) مالی سال یعنی کہ از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027 کیلئے ہوگی۔

02۔ کھلی بولی میں حصہ لینے سے قبل 5٪ زر بیعانہ بصورت کال ڈپازٹ (Original) بنام تحصیل میونسپل آفیسر ٹی ایم اے بکاخیل بنوائے گا اور دو دن پہلے دن ہی اسکی تفصیل محکمہ لوکل گورنمنٹ الیکشن اینڈ رورل ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ خیبر پختونخوا پشاور کی مذکورہ بالا ویب سائٹ پر انٹر درج کر کے بولی میں حصہ لینے کا مجاز ہوگا نیز ہر ٹھیکہ کیلئے علیحدہ علیحدہ کال ڈپازٹ بنوا کر انٹر کرنا ہوگا۔

03۔ آن لائن کھلی بولی کے مقررہ وقت کے ختم ہونے کے بعد کامیاب بولی دہندہ پر لازم ہوگا کہ وہ اگلے تین دن کے اندر دفتری اوقات کار میں 5٪ سیکورٹی زر بیعانہ بشکل اصل کال ڈپازٹ جو کہ اس نے بولی میں حصہ لینے سے قبل ویب سائٹ پر انٹر کی ہوگی اور 15٪ زر پیشگی (ایڈوانس رقم) بمعہ مصدقہ کاپی رجسٹریشن وشناختی کارڈ دفتر ہذا میں جمع کروانے کا پابند ہوگا، ناکامی کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کی بولی منسوخ کی جائیگی اور جمع شدہ 5٪ سیکورٹی کال ڈپازٹ بحق TMA بکاخیل ضبط کی جائیگی اور ٹھیکیدار / فرم کا لائسنس بلیک لسٹنگ اور مزید قانونی کاروائی کیلئے صوبائی حکومت کو لیٹر بھیجا جائیگا نیز کامیاب بولی دہندہ TMA بکاخیل کیساتھ اندر میعاد (07) روز (Agreement) کرانے کا پابند ہوگا۔

04۔ یہ کہ ویب سائٹ پر درج کی گئی کال ڈپازٹ سے متعلق تفصیل غلط یا جعلی ہونے کی صورت میں بولی دہندہ کو بلیک لسٹ کیا جائیگا۔

05۔ یہ کہ سالانہ فیس ٹیکس کی وصولی پر مشتمل ٹھیکہ جات کے لئے ٹھیکیدار 50٪ ایڈوانس میں جمع کرانے کا پابند ہوگا اور بقایا 50٪ اسی مالی سال کے اندر اندر تین مساوی اقساط میں جمع کرانے کا پابند ہوگا۔

06۔ یہ کہ کسی بھی بلدیاتی ادارے کا بقایادار ٹھیکیدار / فرم نیلامی میں حصہ لینے کا اہل نہیں ہوگا اور اگر بعد از E-Auction بولی کامیاب دہندہ مقررہ ثابت ہوا تو اس کی بولی منسوخ اور زر بیعانہ بحق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن بکاخیل ضبط ہوگا۔

Scanned with CamScanner

P-2

07۔ اور یہ کہ کامیاب بولی دہندہ دو ایسے افراد کو بطور ضامن پیش کریگا جن کے پاس ٹھیکہ کی رقم کے مساوی غیر منقولہ جائیداد ہو اور جسکی تصدیق متعلقہ فرسٹ کلاس مجسٹریٹ سے کی گئی ہو۔

08۔ اور یہ کہ بولی میں حصہ لینے والے ٹھیکیداران KPPRA رولز کے مطابق (KPRA) Khyber Pakhtunkhwa سے رجسٹرڈ ہوں۔

09۔ تمام کامیاب بولی دہندگان صوبائی و وفاقی حکومت کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ احکامات اور پالیسی گائیڈ لائن کے پابند ہونگے اور قابل اطلاق وفاقی اور صوبائی ٹیکسز، ڈیوٹیز اور لیویز ٹھیکیدار ادا کریگا۔

10۔ اور یہ کہ ٹھیکہ کی رقم کے علاوہ کامیاب بولی دہندہ حکومت کی طرف سے لاگو شدہ انکم ٹیکس شق نمبر 236-A فنانس ایکٹ 2018ء کے تحت کامیاب بولی دہندہ کی رقم کے علاوہ (Non-Filer 20%) اور (Filer 10%) علیحدہ سے جمع کرنے کا پابند ہوگا اور اگر دوران ٹھیکہ صوبائی حکومت کی طرف سے کسی قسم کا ٹیکس نافذ کیا گیا تو کامیاب بولی دہندہ ٹھیکیدار اسی شرح کے مطابق ٹیکس جمع کرنے کا پابند ہوگا۔

11۔ اور یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کو ٹھیکہ کا قبضہ اس وقت تک نہیں دیا جائیگا جب تک اس نے کل رقم ٹھیکہ کا زر پیشگی اور زر ضمانت داخل خزانہ ٹی ایم اے بکا خیل نہ کیا ہو۔

12۔ اور یہ کہ ٹھیکیدار ماہانہ قسط / اقساط ہر مہینے کے پانچ تاریخ یا اس سے پہلے جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ اور تاخیر کے نتیجے میں دس دن تک 2% بطور جرمانہ ہوگا جس کے بعد تین لگاتار نوٹس جاری کی جائینگی، عدم تعمیل کی وجہ سے اسی مہینے کی پندرہ تاریخ تک ٹھیکہ کی منسوخی ہو سکتی ہے۔

13۔ اور یہ کہ ٹھیکیدار ٹھیکہ کو نہ تو sublet / ٹرانسفر یا تفویض نہیں کریگا۔ ٹھیکہ کو واپس کرنے یا جاری نہ رکھنے کی صورت میں ٹھیکیدار سے کل رقم کی 100% اپنے cost&risk کے طور پر کاٹ دیا جائیگا۔

14۔ یہ کہ بولی دہندہ صوبائی حکومت کی لاگو شدہ شرائط و ضوابط کا پابند ہوگا۔ اور کسی بھی تنازع کی صورت میں متعلقہ RMO فیصلہ کریگا، جو حتمی ہوگا۔

15۔ یہ کہ مجاز اتھارٹی کو اختیار ہوگا کہ وہ معقول وجوہات کی بنا پر کسی ایک یا تمام بولیاں مسترد کر دے۔ نیز دیگر تفصیلات و شرائط و ضوابط اور شیڈول وغیرہ بابت ٹھیکہ جات دفتری اوقات کار میں TOR برانچ TMA بکا خیل سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

الاشتہار:

(دستخط)

ٹیکس انچارج

ٹی ایم اے بکا خیل

بحکم:

(دستخط)

تحصیل میونسپل آفیسر

ٹی ایم اے بکا خیل

Scanned with CamScanner